سوال

(03) آیۃالکرسی قرآن مجید کی سب سے عظیم آیت کیوں ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آیۃالکرسی کتاب اللہ کی سب سے عظیم آیت کیوں ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آیۃالکرسی اللہ تعالیٰ کی صفات' اس کی توحید اس کی ذات گرامی کے شایان شان امور کے اثبات اور صفات نقص سے تنزیہ پر مشتمل ہے اور یہ ساری باتیں آیۃالکرسی کے سوا کسی ایک آیت میں جمع نہیں ہیں اس لیے اس کی فضیلت بہت سی احادیث سے ثابت ہے۔ اس طرح نمازوں کے بعد اور سونے کے وقت اس پڑھنے کے بارے میں بھی بہت سی احادیث وارد ہیں اس کے پڑھنے سے شیطان بھاگ جاتا ہے۔ الغرض اس کے پڑھنے کی بہت ہی فضیلت آئی ہے۔ (عمل الیوم واللیلة للنسائی حدیث: 100 صحیح بخري فضائل القرآن باب فضل سورة البقرہ حدیث: 5010)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

کتاب القران الکریم : جلد 4 صفحہ 20

محدث فتویٰ